سوال

(357)یاسیدی'' کے الفاظ استعمال کرنا''

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فوج یا پولیس کے افسر کو اس طرح کہنا جائز ہے: ''حاضر یاسیدی'' (میرے آقا! میں حاضر ہوں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یوں کہنا جائز ہے ''حاضر'' لیکن (یَاسَیِّدِی) کہنا جائز نہیں' جب بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا:

(أَنْتَ سَیِّدُنَا)

(آپ ہمارے آقا ہیں)

توآنحضرت محمد ﷺ نے فرمایا تھا:

(اَلسَّیِّدُ اللّٰہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی)

(آقا تو اللہ تبارک وتعالیٰ ہی ہے)

یہ حدیث امام ابوداوَد نے صحیح سند سے روایت کی ہے۔ 1

(1 مسند احمد ج: ۴' ص: ۲۴' ۲۵۔ سنن ابي داوَد حديث نمبر: ۴۸۰۶۔ ابن السنى' عمل اليوم والليله حديث نمبر: ۳۸۷۔ الادب المفرد امام بخاري حديث نمبر: ۲۱۱۔ الاسماء والصفات امام بيهقى حديث نمبر: ۲۲ عمل اليوم والليله امام نسائى حديث نمبر: ۲۴۵' ۲۴۶' ۲۴۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ